سبق - 5


# مزے دار کھیل

آج ہم ایک مزے دار کھیل کھیلیں گے اس میں ہم نے بہت سی تصویریں دی ہیں۔ان میں ایک خاص بات ہے۔ان میں ایک ایک تصویر الگ الگ ہے۔

اسی تصویر کے سامنے اس کا نام لکھئے

ان میں خاص بات یہ ہے کہ ایک تصویر الگ


ہے۔اس کا نام لکھئے



کوّا،مور،چوہا،طوطا

سوال۔ بنا پروں کے کون ہے ہوتا؟

جواب۔ چوہا



مچھلی، کچھوا،مینڈک ،بندر


سوال۔کون نہیں پانی کے اندر


جواب۔ بندر

بھینس، بکری، کتا، گائے

سوال۔ ایسا کون جو گھاس نہیں کھائے؟

جواب۔ کتا






پیڑ، پتہ، جوتا، ڈال


سوال۔ ان میں سے ایک الگ نکالو۔

جواب۔ جوتا

اس کھیل کو آگے بڑھایئے اور اپنے ساتھیوں کے ساتھ کھیلئے

(ب) نیچے دی گئی تصویر کو غور سے دیکھو ان میں سے جو الگ ہے اسے ڈھونڈو اور تصویر بناؤ۔





نیچے کچھ جملے دیئے ہیں۔ انہیں پڑھو ان میں سے ایک الگ ہے اُسے لکھو۔

(ج) کیا ہے الگ پہچانو اور لکھو۔

مچھلی تیرتی ہے۔ ..........................................

مینڈک تیرتا ہے۔

بندر کے پیر ہوتے ہیں

طوطا اُڑتا ہے۔

گھوڑا دوڑتا ہے۔ ..........................................

مینا اُڑتی ہے۔

اب بتاؤ

طوطا کس رنگ کا ہوتا ہے؟

بندر اُڑ کیوں نہیں سکتا؟


کنواں کس کام آتا ہے؟

جانور اور پرندے میں کیا فرق ہے؟
اگر تم اُڑ سکتے تو کہاں کہاں جاتے؟

مشق:۔
یہاں دی گئی کہانی کے ہر حصہ کو صحیح تصویر سے لائن کھینچ کر ملایئے اور نمبر ڈالیئے





(1) ایک تالاب تھا جس میں بہت سے مینڈک رہتے تھے تالاب کے کنارے ایک پیڑ کی جڑ میں سانپ کا بل تھا۔



(2) سانپ روز ہی مینڈک پکڑ کر کھا جاتا تھا۔

(3) سبھی مینڈک پریشان ہو گئے
ایک دن سارے مینڈکوں نے بیٹھ کر
ایک ترکیب سوچی۔





(4) سانپ نے جیسے ہی مینڈک کو
پکڑا سارے مینڈکوں نے مل کر
سانپ کی دم کس کر پکڑ لی اور کھینچنے
لگے۔



(5) سانپ گھبرا گیا اور اپنی جان
چھڑا کر تیزی سے بھاگ گیا سارے
مینڈک تالی بجا کر ناچنے لگے۔

☆ اس کہانی کو ایک اچھا سا نام دیجئے۔

☆ اپنے دوستوں کو دو گروپوں میں بانٹ لیجئے اب لائبریری کی کتابوں کی تصویریں دیکھئے ایک بچّہ تصویر کے بارے میں ایک صحیح اور ایک غلط جملہ بولے دوسرے گروپ کے بچے تصویر دیکھ کر بتائیں کہ اس تصویر کے ساتھ صحیح جملہ کون سا ہے۔

ملایئے اور رنگ بھریئے

